


ویلیو ایڈڈ سلوشنز

# ای ایف یو نور تکافل

تقسیم بجانب

فیصل بینک

efu LIFE

فیصل بینک، ای ایف یو لائف اشورنس ونڈو تکافل آپریشنز کے ساتھ ایک تقسیم کاری معاہدے کے ذریعے، اپنے اسلامک کارڈ صارفین کیلئے ایک نیا اور طاقتور تحفظاتی بیمہ پیش کرتا ہے کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ زندگی غیر یقینی ثابت ہو سکتی ہے۔ مستقل مکمل معذوری، عارضی مکمل معذوری، جان لیوا بیماری، مہلک بیماری یا کسی بھی باعث وفات کی صورت میں (استثنیٰات سے مشروط)، اسلامک کارڈ پر، آپ کے پیاروں کو کسی بھی پریشانی ہوئے بغیر، واجب الادا بقایا جات کی چھوٹ دے دی جائے گی۔

| تحفظ | زیادہ سے زیادہ تحفظ پاکستانی روپے میں (تمام کارڈز پر بقایا جات کے لئے) |
|---|---|
| کارڈ پر جملہ بقایاجات کے ساتھ ساتھ کریڈٹ کارڈ کے اخراجات زیادہ سے زیادہ دو مہینوں کے لئے | 3,000,000/- |

## تحفظ کیلئے کون اہل ہے؟

69 سال سے کم عمر کے فیصل بینک اسلامک کارڈ کے صارف کی حیثیت سے، آپ کے بقایا جات کو وفات، جان لیوا بیماری، عارضی یا مستقل مکمل معذوری کی صورت میں تحفظ حاصل ہے۔ یہ تحفظ 75 سال کی عمر تک جاری رہ سکتا ہے۔ صرف مرکزی کارڈ ہولڈر کو تحفظ حاصل ہوگا، البتہ ضمنی کارڈز پر بھی بقایا جات کو تحفظ دیا جائے گا اگر مرکزی کارڈ ہولڈر کسی ناگہانی صورت حال سے دو چار ہوتا ہے۔

| تحفظ | تفصیل | تحفظ کی رقم* |
|---|---|---|
| وفات فائدہ | وفات کے وقت قرضداری بشمول کووڈ 19 سے وفات | آخری بل کے اسٹیٹمنٹ کی بقایا ادائیگی |
| اضافی حادثاتی وفات فائدہ | حادثاتی وفات کی صورتوں میں، وفات فائدے کے مساوی ایک اضافی رقم متاثرہ خاندان کو ادا کی جائے گی | وفات فائدے کے مساوی اضافی رقم |

| | | |
|---|---|---|
| جان لیوا بیماری | ایسی طبی حالت جس کی وجہ سے کارڈ ممبر کی بقایا زندگی کا دورانیہ چھ ماہ سے کم مدّت تک محدود رہ جائے | آخری بل کے اسٹیٹمنٹ کی بقایا ادائیگی |
| عارضی مکمل معذوری | طویل عرصے قائم رہنے والی بیماری کی صورت میں یا عارضی معذوری 45 دن سے زائد ہونے کی صورت میں | بارہ مہینوں تک کم از کم ماہانہ ادائیگی کا سلسلہ |
| مستقل مکمل معذوری | طویل عرصے قائم رہنے والی بیماری کی صورت میں یا عارضی معذوری 180 دن سے زائد ہونے کی صورت میں | آخری بل کے اسٹیٹمنٹ کی بقایا ادائیگی |
| تشویش ناک بیماری | اگر تحفظ شدہ کارڈ ہولڈر وضاحت کی گئی دس تشویش ناک بیماریوں میں کسی ایک کا شکار ہوتا ہے یا ان سے گزرتا ہے | آخری بل کے اسٹیٹمنٹ کی بقایا ادائیگی |

*زیادہ سے زیادہ 3,000,000 روپے (تین ملین روپے) کی حد سے مشروط

## کون سی بیماریوں کو تشویش ناک بیماری کے فائدے کے تحت تحفظ حاصل ہے؟

### 1۔ سرطان

مستثنیٰ ہیں:

- کسی بھی گردن کے گردورم (سی آئی وی) کی اسٹیج
- کوئی بھی پہلے سے موجود مہلک رسولی
- کوئی بھی غیر جراحتی سرطان (ایک مقام پر ٹھہر جانے والا سرطان)
- پروسٹیٹ کا سرطان اسٹیج 1 (ٹی 1 اے، 1 بی، اسی)

- باسل سیل کارسینوما اور اسکوئمس سیل کارسینوما
- مہلک سیاہ گومڑا سٹیج 1 اے (ٹی 1 اے این 0 ایم 0)
- ایچ آئی وی کی موجودگی میں کوئی بھی مہلک رسولی

## 2۔ دل کا دورہ

مستثنیٰ ہیں:

- غیر ایس ٹی سیگمنٹ اونچائی کا دل کا دورہ (NSTEMI) جو صرف ٹروپونین آئی یا ٹی کی اونچائی کا ہو
- کوئی اور شدید دل کا عارضہ (مثلاً مستحکم/غیر مستحکم انجائنا پیکٹورس)
- دل کا خاموش دورہ

## 3۔ اسٹروک

مستثنیٰ ہیں:

- سرسری طور پر خون کی کمی کے دورے (ٹی آئی اے)
- دماغ کو لگنے والی جراحتی ضرب
- مائگرین کی وجہ سے اعصابی علامات
- اعصابی کمی کے بغیر اعصاب میں خلا میں ہونے والے اسٹروکس

## 4۔ بائی پاس سرجری

مستثنیٰ ہیں:

- انجیو پلاسٹی
- کوئی اور وریدی پروسیجرز

- کیوہول سرجری

### 5۔ گردوں کا فیل ہو جانا (گردوں کی بیماری کی آخری اسٹیج)

### 6۔ کسی بڑے عضو کی منتقلی

### 7۔ فالج

مستثنیٰ ہیں:

- گلین بیری سینڈروم کی وجہ سے فالج

### 8۔ نابینا پن (بینائی ضائع ہو جانا)

### 9۔ مختلف بیماریاں

### 10۔ بہرہ پن (سماعت ضائع ہو جانا)

## اسکیم کے تحت کیا استثنیٰات ہیں؟

کوئی فائدہ نہیں دیا جائے گا اگر ممبر کی وفات، جان لیوا بیماری یا معذوری براہ راست، مکمل یا جزوی طور پر، ذیل میں درج کا نتیجہ ہو یا اس سے متعلق ہو:

الف) بیماری یا معذوری یا جسمانی ضرب جو بیمے سے قبل موجود ہو

ب) خودکشی

ج) تکافل تحفظ کے آغاز کے 30 دن کے اندر ہونے والی بیماری

د) کوئی دانستہ از خود لگائی گئی ضرب

ہ) زچگی، اسقاط حمل، بچے کی پیدائش یا کوئی غیر مہلک بیماری جو زنانہ تولیدی غدود سے متعلق ہو یا ان میں پیدا ہوئی ہو

و) کسی جہاز یا ہوائی ڈیوائس میں داخل ہونا، خدمت انجام دینا، چلانا یا اسے بلندی یا پستی پر لے جانا، ماسوائے ایک کرایہ ادا کر کے کسی لائسنس شدہ کمرشل ایرلائن پر ایک باقاعدہ شیڈولڈ پرواز کے

ز) ہنگامہ، عوامی سورش، ہڑتالیں اور جنگ (خواہ جنگ کا اعلان ہوا ہو یا نہیں)

ح) الکحل یا منشیات کا اثر ماسوائے ان ادویات کے جو کسی قانونی اہل میڈیکل پریکٹیشنر کے طرف سے تجویز کی گئی ہوں

ط) بیمہ دار کی وفات یا کوئی معذوری جو کسی خاص بیماری یا کیفیت سے نسبت رکھتی ہو (یا کسی خاص حالت یا بیماری کی وجہ سے بگڑی ہو جس کے لئے قرض خواہ کو ہماری طرف سے آگاہ کر دیا گیا ہو یا تاریخ آغاز سے قبل تحفظ سے جسے استثنیٰ ہو

ی) ایڈز، ایڈز سے متعلق کمپلیکس جیسی کہ عالمی ادارہ صحت کی جانب سے وقتاً فوقتاً تعریف کی جائے یا ایچ آئی وی کی موجودگی جو ایچ آئی وی اینٹی باڈی یا ایچ آئی وی ٹیسٹ سے سامنے آئے

ک) ناگہانی آفات جیسے کہ سیلاب، وبائیں، وغیرہ جو 250 یا اس سے زائد اموات کا نتیجہ ثابت ہوں

ل) مسلح افواج یا پیراملٹری افواج کے ساتھ فرائض کی انجام دہی

م) کسی بھی نوعیت کے خطرناک اسپورٹس جیسے کہ موٹر سائیکلنگ، شکار، اسٹیپل چیزنگ، کوہ پیمائی، کسی بھی نوعیت کی ریسنگ، موسم سرما کے اسپورٹس اور غوطہ خوری

ن) ہیٹ اسٹروک، سن اسٹروک، زہر، گیس یا دھوئیں کی وجہ سے

س) کوئی بھی شدید بیماری جس کی تکافل تحفظ سے قبل تشخیص ہوئی ہو

## باسہولت ادائیگی کا اختیار

جب آپ کوایک مرتبہ کریڈٹ تحفظ کے لئے اندراج ہو جاتا ہے، آپ کا ماہانہ سبسکرپشن آپ کے ماہانہ بقایا جات کا 0.69 فیصد ہوگا۔ فیس کو بہ آسانی بل کیا جائے گا اور وہ آپ کے بلنگ اسٹیٹمنٹ یا ای اسٹیٹمنٹ پر ظاہر ہونگے۔ اگر کسی بھی وقت آپ اس تکافل تحفظ کو غور وفکر کے دورانئے میں منسوخ کرنا چاہیں تو آپ صرف ہمیں ایک تحریری درخواست بھیج دیں۔ آپ کے پچھلے مہینے کے کنٹریبیوشن کو واپس کر دیا جائے گا اور وہ آپ کے اگلے ماہانہ بل میں ظاہر ہوگا۔ غور وفکر کا دورانیہ اندراج کی تاریخ سے شروع ہو کر 14 دن پر مشتمل ہے۔

## ایزی ایکٹیویٹ

آپ اس سہولت کا صرف ہمارے فون بینکنگ یواے این 06 06 06 111 پر رابطہ کر کے آغاز کروا سکتے ہیں یا ہماری شاخ پر تشریف لا سکتے ہیں یا ہمارے ڈراپ باکس پر تحریری درخواست بھیج سکتے ہیں۔ شرائط وضوابط کا اطلاق ہوگا۔

## فری لوک پیریڈ

۱۴ دن کے فری لوک پیریڈ جس کے دوران آپ انرولمنٹ کی تاریخ سے شروع ہونے والے تکافل کا احاطہ منسوخ کر سکیئے دستیاب ہے کسی بھی وقت آپ مفت نظر عرصہ کے دوران تکافل کا احاطہ منسوخ کرنا چاتیئے ہیں تو آپ آسانی سے کال کر سکتے ہیں یا ہمیں تحریری درخواست بھیج سکتے ہیں۔ آپ کا گزشتہ ماہ شامل شدہ پیمیمنٹ، آپ کے اگلے ماہ کے بل میں ظاہر ہو جائے گا۔

## دستبرداری

1۔ ای ایف یو نور تکافل ایک تکافل پروڈکٹ ہے جس کی بیمہ کاری اور اجراء ای ایف یو لائف اشورنس ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے کیا گیا ہے اور جو کمپنی کی طے کردہ شرائط وضوابط سے مشروط ہے۔

2۔ ای ایف یو نور تکافل بینک کی پروڈکٹ نہیں ہے۔

3۔ ای ایف یو نور تکافل صرف پروڈکٹ کا نام ہے اور کسی بھی طور یہ پروڈکٹ کے معیار کی نشاندہی نہیں کرتی۔

4۔ فیصل بینک، ای ایف یو لائف اشورنس ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے ای ایف یو نور تکافل کے تقسیم کار کی حیثیت سے کام کر رہا ہے۔ فیصل بینک کسی بھی طرح ذمہ دار نہیں ہوگا اگر آپ کی درخواست یا کلیم ای ایف یو نور تکافل ایشورنس لمیٹیڈ کی جانب سے نامنظور کر دیا جائے نہ ہی کلیم کی خوبیوں سے متعلق اس کی تفتیش کرے گا یا اس سے متعلق کوئی رائے فراہم کرے گا۔

5۔ اگر آپ کو پلان کے تحفظ کے بارے میں کوئی بھی شکایت ہو تو آپ ای ایف یو لائف اشورنس ونڈو تکافل آپریشنز سے (021)111-EFU-111(111-338-111) پر رابطہ کر سکتے ہیں یا خدمت سے متعلق کسی بھی شکایت کے لئے آپ فیصل بینک لمیٹیڈ کنٹیکٹ مرکز 111 06 06 06 پر یا اپنی قریبی شاخ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔


## ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹیڈ

ای ایف یو لائف ہاؤس،

پلاٹ نمبر 112، 8 ویں ایسٹ اسٹریٹ،

فیز 1، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی، پاکستان

فون: (021) 111-EFU-111 (111-338-111)

فیکس: (021) 3453 7519

ویب سائٹ: www.efulife.com

# برانچ نیٹ ورک

## سندھ

گھوٹکی، حیدر آباد، کندھ کوٹ، کراچی، لاڑکانہ، کوئٹہ، شہدادکوٹ، سکھر

## پنجاب

احمد پور ایسٹ، عارف والا، بہاولپور، بوریوالا، چشتیاں، چیچہ وطنی، ڈسکہ، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، گجر خان، گوجرانوالہ، گجرات، ہارون آباد، جہلم، خانیوال، لاہور، منڈی بہاؤالدین، ملتان، اوکاڑہ، پاک پتن، پتوکی، ربوا چناب نگر، رحیم یار خان، رنالہ خرد، راولپنڈی، صادق آباد، ساہیوال، سرگودھا، سیالکوٹ، وہاڑی

## خیبر پختون خواہ

پشاور

## وفاقی دارالحکومت

اسلام آباد

## آزاد جموں اور کشمیر

میر پور

## رجسٹرڈ آفس

فیصل ہاؤس

ST-02، شاہراہِ فیصل

کراچی، پاکستان